# انگریزی حکومت کی توسیع

**1- درجِ ذیل خالی جگہوں میں مناسب الفاظ سے خانہ پُری کرو۔**

1- پہلی اینگلو مرہٹہ جنگ کے آخر میں انگریز اور مرہٹہ کے درمیان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ معاہدہ ہوا۔ **( سالبائی )**

2- عہد معاونت پالیسی کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے قائم کیا۔ **( لارڈ ولزلی )**

3- مسئلہ بازگشت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سن میں قائم کیا گیا۔ **( 1848 )**

4- مسئلہ الحاق کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے جاری کیا۔ **( لارڈ ڈلہوزی )**

**2- درجِ ذیل سوالات کو گروہوں میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے۔**

**1- پہلی اینگلو مرہٹہ جنگ کو اسباب بیان کیجئے جواب:-** پہلی اینگلو مرہٹہ جنگ کے اسباب یہ ہیں۔

☆ مرہٹہ کا طاقتور پیشوا مادھوا راؤ کا انتقال ہونے سے مرہٹوں کو بھاری نقصان ہوا۔ ☆ مادھوا راؤ کے بھائی نارائن راؤ پیشوا بننے کے بعد اُس کے چچا رگھو ناتھ راؤ نے قتل کیا۔

☆ اس وجہ سے پیشوا بننے کے لئے جھگڑا شروع ہوا۔ ☆ نانا فرنویس نے رگھو ناتھ راؤ کو پیشوا نا بنا کر نارائن راؤ کے بیٹے مادھوا راؤ کو پیشوا بنایا۔

☆ تب مرہٹہ سرداروں سے حمایت نہ ملنے پر رگھو ناتھ راؤ نے انگریزوں سے مدد حاصل کی۔ ☆ انگریزوں نے اس موقع کو اپنے فائدہ کے لئے استعمال کیا۔

☆ مرہٹہ سرداروں نے جنگ کو آگے نا بڑھا کر انگریزوں کے ساتھ سالبائی معاہدہ کیا۔ ☆ مادھوا راؤ کو پیشوا بنایا گیا۔

**2- عہد معاونت کے شرائط کیا تھے۔؟ جواب:-** ☆ اس پالیسی کو لارڈ ولزلی نے جاری کیا۔

☆ ہندوستان کے حکمران انگریزی فوجی دستے کو اپنے ریاست میں مقیم کرنا۔

☆ فوج کے خرچ و اخراجات کو حکمرانوں کو اُٹھانے پڑتے یا مقررہ لگان کے علاقے کو چھوڑنا پڑے گا۔

☆ حکمران کے دربار میں انگریزی افسر ( رسیڈنٹ ) کو رہنے کا موقع دینا۔ ☆ انگریزوں کے اجازت کے بغیر اپنے دربار میں کسی بھی یوروپی کو مقرر نہیں کیا جا سکتا تھا۔

☆ ہندوستان کی کسی بھی حکمران سے تعلقات یا کسی بھی حکمران سے جنگ کرنا ہو تو اس میں انگریزی گورنر جنرل کے مشورے کی ضرورت تھی۔

☆ اس کے لئے کمپنی سے اس ریاست کے اندرونی یا بیرونی حفاظت دینا تھا۔

**3- تیسری اینگلو مرہٹہ جنگ کو تفصیل سے بیان کیجئے۔ جواب:-** ☆ مرہٹہ خاندان اپنی سالمیت اور آزادی کو بچانے کے لئے ممکنہ کوشش کیں۔

☆ پیشوا بھی انگریزوں کے قابو سے آزاد ہونے کی کوشش کیں۔ ☆ 1817ء میں پیشوا نے پونا میں انگریزوں کی رہائشی کچہری پر حملہ کر دیا اور اس کو جلا دیا۔

☆ ناگپور کے اپّا صاحب اور ملہار راؤ ہولکر بھی انگریزوں کے خلاف لڑ کر ہار گئے۔

☆ آخر میں پیشوا باجی راؤ دوم نے انگریزوں کے خلاف 1818ء میں کورے گاؤں اور اشٹی جنگوں میں ہار کر انگریزوں کے آگے گھٹنے ٹیک دئے۔

☆ انگریزوں نے پیشوا کے خطابات کو رد کر دیا اور باجی راؤ کو وظیفہ یابی دے دیا۔

**4- انگریزی اقتدار کی توسیع میں مسئلہ الحاق کس طرح معاون و مددگار ثابت ہوا لکھئے۔**

**جواب:-** ☆ 1848ء میں لارڈ ڈلہوزی نے اپنی توسیعی پالیسی کو مسئلہ الحاق یا بازگشت کے ذریعہ پورا کیا۔

ZULFIQAR ALI KODATI

☆ اس پالیسی کے تحت اگر کوئی ہندوستانی راجا کو اولاد نہ ہو تو وہ لے پالک بیٹے کو اپنا وارث نہیں بنا سکتا تھا

☆ اگر لے پالک بیٹے کو اپنا وارث بناتا تو اُس راجا کو تخت سے بے دخل کیا جاتا تھا۔ ☆ اور ایسی حکومتوں کو انگریزی حکومت میں شامل کیا جاتا تھا۔

☆ اس پالیسی کے تحت ستارا، جۓ پور، سنبھل پور، جھانسی اور ناگپور اور دیگر ریاستوں کو انگریزی حکومت میں شامل کر لیا گیا۔

**5- مسئلہ الحاق کے تحت زیر قابو ہونے والی ریاستیں کونسی تھیں۔؟**

**جواب:-** پالیسی کے تحت ستارا، جۓ پور، سنبھل پور، جھانسی اور ناگپور اور دیگر ریاستوں کو انگریزی حکومت میں شامل کر لیا گیا۔

**6- دوسری اینگلو مرہٹہ جنگ کے متعلق تفصیل سے بتائیں۔؟** **جواب:-** ☆ مرہٹہ خاندان کے رہنماؤں کی آپسی لڑائی ہی اس جنگ کا سبب تھی۔

☆ ہولکر خاندان کا یشونتھ راؤ ایک طرف تھا تو سندھیا خاندان کا دولت راؤ دوسری طرف تھا پیشوا باجی راؤ بھی ایک طرف تھا۔

☆ 1802ء میں ہولکر فوج نے سندھیا اور پیشوا فوج کو شکست دی۔ ☆ پیشوا نے انگریزوں سے مدد طلب کی۔

☆ جس سے انگریزی گورنر لارڈ ویلزلی کو مرہٹہ کے اندرونی حالات میں شامل ہونے کا موقع ملا۔ ☆ پیشوا نے معاہدہ بیسن پر دستخط کئے اور عہد معاونت کو قبول کر لیا۔

☆ جس سے مرہٹہ سردار ہولکر، بھونسلے، سندھیا اور دیگر مرہٹوں نے اپنے اپنے قوم کا اتحاد بنایا۔ ☆ لارڈ ویلزلی نے مرہٹوں کو کئی جنگوں میں شکست دی۔

**7- پلاسی اور بکسر کے جنگوں کے ذریعہ انگریزوں نے کس ریاست پر اپنا مکمل سیاسی قابو پالیا۔؟** **جواب:-** بنگال صوبہ

**8- پہلی اینگلو مرہٹہ جنگ کونسے معاہدہ کے تحت ختم ہوئی۔؟** **جواب:-** معاہدہ سالبائی

**9- پہلی اینگلو مرہٹہ جنگ بعد مرہٹوں کا پیشوا کون بنا۔؟** **جواب:-** مادھوا راؤ

**10- لارڈ ویلزلی نے عہد معاونت کو کیوں جاری کیا۔؟** **جواب:-** ہندوستان کے دیسی ریاستوں کو اپنے قابو میں لینے کے لئے عہد معاونت کو قائم کیا۔

**11- لارڈ ویلزلی نے عہد معاونت کو کب جاری کیا۔؟** **جواب:-** 1798ء میں

**12- انگریزی ایسٹ انڈیا کمپنی اور ہندوستانی ریاستوں کے درمیان ایک فوجی معاہدہ کونسا ہے۔؟** **جواب:-** عہد معاونت

**13- عہد معاونت کو قبول کرنے والی پہلی ریاست کونسی ہے۔؟** **جواب:-** حیدرآباد ریاست

**14- عہد معاونت کی پالیسی پر دستخط کرنے والے ریاستیں کونسے ہیں۔؟** **جواب:-** حیدرآباد، میسور، اودھ، تنجاور، مرہٹہ، ارکاٹ، پونا، برار اور گوالیار کے ریاستیں۔

**15- دوسری اینگلو مرہٹہ جنگ کی اہم وجہ کیا تھی۔؟** **جواب:-** مرہٹہ خاندان کے رہنماؤں کی آپسی لڑائی ہی اس جنگ کی اہم وجہ تھی۔

**16- دوسری اینگلو مرہٹہ جنگ کس معاہدہ کے تحت ختم ہوئی۔؟** **جواب:-** معاہدہ بیسن

**17- سکھوں کی شکست کی وجہ بننے والا ذلت آمیز معاہدہ کونسا تھا۔؟** **جواب:-** معاہدہ لاہور

**18- لاہور اور ملتان میں انگریزوں کے خلاف احتجاجات کی رہنمائی کرنے والے پنجابی کون تھے۔؟** **جواب:-** چٹار سنگھ اٹاری والا اور مولراج

**19- پنجاب کو انگریزی حکومت میں شامل کرنے والا کون تھا۔؟** **جواب:-** لارڈ ڈلہوزی

**20- مسئلہ الحاق یا اُصولِ بازِگشت پالیسی سے کیا مراد ہے۔؟** **جواب:-** اگر کسی دیسی حکمران نرینہ اولانہ کے بغیر انتقال کر جائے تو وہ دیسی ریاست لے پالک بیٹے کے ذریعہ حکومت کو آگے نہیں بڑھا سکتی تھی اور ایسی حکومت کو انگریز اپنے حکومت میں شامل کر لیتے تھے ایسی پالیسی کو مسئلہ الحاق یا اُصول بازگشت کہتے ہیں۔

ZULFIQAR ALI KODATI

21- سکھوں کو کامیابی کے ساتھ ایک کرنے والا سکھ راجہ کون تھا۔ **جواب:-** رنجیت سنگھ

22- "معاہدہ بیسن" کے ذریعہ عہدِ معاونت پر دستخط کرنے والا مرہٹہ حکمران کون تھا؟ **جواب:-** باجی راؤ دوم

23- تیسری اینگلو-مرہٹہ جنگ میں شکست کھا کر وظیفہ یابی حاصل کرنے والا پیشوا کون تھا؟ **جواب:-** باجی راؤ دوم

24- انگریزوں کے ساتھ ،،تسلسل معاہدہ'' کرنے والا سکھ حکمران کون تھا؟ **جواب:-** رنجیت سنگھ

25- بکسر کی جنگ میں شکست پا کر انگریزوں کی قید میں رہنے والا مغل بادشاہ کون تھا؟ **جواب:-** شاہ عالم دوم

26- اینگلو سکھ جنگ کے نتائج بیان کریں؟ **جواب:-** ☆ پنجاب انگریزی حکومت میں شامل ہوا۔

☆ انگریزی ریسیڈنٹ کے ذریعہ پنجاب پر کنٹرول کیا گیا۔ ☆ معاہدہ لاہور۔

27- انگریزوں نے کن جنگوں کے ذریعہ ہندوستان میں یوروپ کے کسی بھی ملک کو اپنے مخالفت کرنے سے روک دیا؟ **جواب:-** کرناٹک جنگیں

28- لارڈ ویلزلی کے دور حکومت میں انگریزی سلطنت کی توسیع زیادہ ہونے لگی۔ کیونکہ-

**جواب:-** ویلزلی کے آنے سے قبل مضبوط مرہٹہ اور میسور سلطنتیں کمزور ہو گئیں تھیں۔

29- عہد معاونت کا کیا مقصد تھا؟ **جواب:-** ہندوستانی ریاستوں کو اپنے قابو میں لینا۔

30- تیسری اینگلو-مرہٹہ جنگ کے بعد انگریزوں نے کس کو چھوٹی ریاست ستارا کا بادشاہ بنایا؟ **جواب:-** پرتاپ سنہا

31- 1765ء تک انگریزوں کا اثر ورسوخ صرف بنگال اور بمبئی تک ہی محدود تھا۔ کیوں؟

**جواب:-** ہندوستان کے جنوب میں میسور، مغرب میں مرہٹہ سلطنتیں طاقتور تھے۔

ZULFIQAR ALI. KODATI